نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

یکم ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

471/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

نئے امریکی پروگرام کے تحت سیلاب سے متاثرہ دیہاتیوں کیلئے روزگار کے عارضی مواقع

اسلام آباد (یکم ستمبر 2010ء)___ امریکہ سوات کے تقریباً 4,800 خاندانوں کو اکیس دن کام کرنے کے مواقع فراہم کرنے کیلئے ایک پروگرام شروع کر رہا ہے، جس سے مقامی معیشتوں میں نقد رقم کے فوری نفوذ اور سیلاب سے متاثر ہونے والے معاشی ڈھانچہ کو مرمت کرنے میں مدد ملے گی۔

ہر منتخب کردہ علاقہ میں اوزاروں پر مشتمل ایک کٹ تقسیم کی جارہی ہے، جس میں ہتھ گاڑیاں، سبل، پھاوڑے، بیلچے اور فولاد کی پراتیں شامل ہیں۔ ان اوزاروں سے ٹیمیں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں سڑکیں تعمیر کرنے اور پلوں کی مرمت میں مصروف ہیں۔ ان عارضی ملازمتوں سے کارکن اشد ضرورت کی اشیاء اور خوراک مقامی مارکیٹوں سے خریدیں گے، جس سے معیشت کے سدھار اور بحالی کے عمل میں تیزی آئے گی۔

امریکہ پاکستان کے عوام کو انسانی بنیادوں پر ہنگامی اعانت کی مد میں 150 ملین ڈالر سے زیادہ کی امداد فراہم کر چکا ہے۔ سیلاب زدگان کی مدد کیلئے حکومت پاکستان کی معاونت کے ضمن میں امریکہ کی ترجیحات میں دشوار گزار علاقوں تک رسائی اور وہاں امداد کی فراہمی، اس امر کو یقینی بنانا کہ سیلاب سے پیدا ہونے والی موجودہ ہنگامی صورتحال صحت کے کسی بحران سے مزید گمبھیر نہ ہو جائے اور مناسب امریکی وسائل کو مؤثر اور باکفایت طریقے سے استعمال کرنا شامل ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov پر ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800